نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے درجہ حرارت میں پیشگی اضافے کے حوالے سے گندم کی بہتر پیداوار کے لیے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:**28 فروری 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ پنجاب میں گزشتہ پانچ دنوں سے درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔مزید براں آنے والے اگلے سات دنوں میں درجہ حرارت میں مزید اضافے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ اس لئے بارانی علاقہ جات میں گندم کے کاشتکار فصل کی ضرورت کے مطابق آبپاشی کے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائیں۔اس کے علاوہ یوریا یا پوٹاشیم نائٹریٹ (قلمی شورہ) کا 2 فیصد محلول بحساب 100 تا 120 لٹر فی ایکڑ سپرے کریں۔ بہتر نتائج کیلئے یہی سپرے 7 دن کے وقفے کے بعد دوبارہ کریں۔اس کے ساتھ بارانی گندم کے کاشتکار فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور کنگی کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ حصے پر مناسب پھپھوندی کش زہر کا محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ آبپاش علاقہ جات میں گندم کے کاشتکار نہری پانی کی عدم دستیابی کی صورت میں ذرائع آبپاشی کا منصفانہ استعمال کریں۔معروضی حالات کے مطابق آبپاشی کا عمومی وقفہ خاص طور پر ریتلے رقبوں میں کم کر دیں۔آبپاشی کے وسائل کی عدم دستیابی کی صورت میں یوریا یا پوٹاشیم نائٹریٹ (قلمی شورہ) کا 2 فیصد محلول بحساب 100 تا 120 لٹر فی ایکڑ سپرے کریں۔بہتر نتائج کیلئے یہی سپرے 7 دن کے وقفے کے بعد دوبارہ کریں۔

☆☆☆☆